CCB نیویگیٹر

CCB نیویگیٹر بروکلین کے باشندوں کو شراکت دار تنظیموں کے نیٹ ورک سے مربوط کرتا ہے جو محفوظ رہنے، معیاری سروسز تک رسائی دینے اور صحت کی تشویشناک صورت حال سے بچانے کے لیے خدمات اور وسائل فراہم کرتے ہیں۔ CCB نیویگیٹر مفت ہے اور بروکلین کے تمام رہائشیوں کے لیے دستیاب ہے اور 1-800-356-7480 پر کال کر کے اس تک رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

CCB نیویگیٹر کو (1-800-356-7480) پر کال کریں۔ CCB نیویگیٹر آپ کو درج ذیل کے ساتھ مربوط کر سکتا ہے:

- سماجی خدمات (خوراک، مراعات، اور نقل و حمل)
- ذہنی صحت اور منشیات کے بے جا استعمال کے عارضے میں مبتلا افراد کے علاج فراہم کنندگان
- دوائیں لینے اور دوبارہ بھروانے میں تعاون
- رہائش کی خدمات
- نگہداشتی انتظامات یا نگہداشتِ صحت کے رابطہ کار کو ریفرل
- دیگر کمیونٹی پروگرامز جو معاونت اور امداد فراہم کرتے ہیں

CCB نیویگیٹر بلنگ، بیمہ، پیشگی اجازت، اور دوائیوں کی مصالحت جیسے خدشات میں مدد **نہیں کر سکتا**۔

جب آپ CCB نیویگیٹر کو کال کرتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟

1

خدمات قبول کرنا یا کارروائی کے اگلے مرحلے کی جانب پیش رفت کرنا لازمی نہیں ہے

2

آپ کو ان تنظیموں کے ساتھ منسلک کیا جائے گا جو مطلوبہ خدمات فراہم کر رہی ہوں گی یا ان میں معاونت دیں گی

3

ریفرلز صرف اُن **مفت** وسائل کے لیے دیئے جائیں گے جن کے حاصل کرنے میں آپ دلچسپی رکھتے ہیں

4

آپ اپنے خدشات کے بارے میں نیویگیٹر ٹیم کے رکن سے بات کریں گے

5

آپ کو CCB نیویگیٹر ٹیم کے ساتھ رابطہ کرایا جائے گا یا آپ کو ان کی جانب سے جوابی کال موصول ہوگی

BROOKLYN HEALTH HOME

COMMUNITY CARE OF BROOKLYN